حقوق اور امت مسلمہ کے اتحاد جیسے مسائل پر مشتمل ہے۔شاہ صاحب کے بیان میں اپنے شیخ و مربی اور استاذ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحب قدس سرہ کے طرز بیان کی جھلک احسن طریقہ سے موجود ہے جیسے ان کا انداز بیان سلیس سادہ اور عام فہم مگر مطلب و معنی سے بھرپور ہوتا تھا۔مولانا محمد یوسف شاہ کا طرز خطابت بھی ان کے بہت قریب ہے۔قرآن وحدیث کی روشنی میں بعض تاریخی حیرت انگیز واقعات اس انداز سے جمع کئے گئے ہیں۔جو قارئین کی اصلاح کے لئے انتہائی کارآمد ثابت ہوگی۔اللہ رب العزت مولانا موصوف کی کوششوں کو قبولیت سے ہمکنار فرمادیں۔آمین

ماہنامہ: مسیحائی کراچی خصوصی اشاعت قرآن نمبر ۔ مدیر اعلیٰ: احمد خیرالدین انصاری

ضخامت: 648 صفحات قیمت : 400روپے

ناشر: بی۔197 بلاک نمبر A نارتھ ناظم آباد کراچی 74700

زیر تبصرہ خصوصی اشاعت میں قرآن نمبر ماہنامہ مسیحائی کراچی میں قرآن کریم کے متعلق مختلف پہلوؤں سے مضامین و مقالات یکجا کئے گئے ہیں۔جس کا اندازہ مضامین کے طویل فہرست سے کیا جاسکتا ہے۔ماہنامہ مسیحائی کراچی نے مختلف اوقات میں خصوصی اشاعتوں کا اہتمام کیا ہے۔مثلاً سیرت رسول نمبر ۱۹۹۹ء' سیرت الرسول نمبر ۲۰۰۰ء' سیرت رسول ﷺ نمبر ۲۰۰۳ء جو کہ ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن صاحب کی ادارت میں شائع ہوا تھا اور بعد میں صدارتی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ناموس رسالت ﷺ نمبر ۲۰۰۴ء 'ہادی اعظم نمبر ۲۰۰۵ء خصوصی طور پر قابل ذکر ہیں۔

زیر تبصرہ خصوصی اشاعت بھی اسی سلسلہ کی زریں کڑی ہے جس میں کارپردازان جریدہ نے انتہائی عرق ریزی اور محنت سے پُر مغز مضامین کا انتخاب کر کے اردو داں طبقہ کے لئے ایک بہترین سوغات اور خوبصورت گلدستہ تیار کیا ہے' بلاشبہ ذخیرہ کتب سیرت میں ماہنامہ مسیحائی کراچی کی یہ خصوصی اشاعت بہترین اضافہ ہے۔اور یہ ضخیم نمبر اس قابل ہے کہ اس کو ہر لائبریری کی زینت بنایا جائے۔امید ہے کہ اشاعت ثانی میں مدیران گرامی اس خصوصی نمبر کی نوک پلک سنوارنے کی طرف مزید توجہ دیں گے۔

خط وکتابت کرتے وقت اپنے خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔

اپنے مضامین بذریعہ ای میل بھی بھیج سکتے ہیں: editor_alhaq@yahoo.com